## سوال

(1006) رنگین عینک اور لینز کا استعمال

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رنگین عینکیں اور لینز کے استعمال کا کیا حکم ہے جبکہ یہ صرف بطور زینت کے پہنی جائیں؟ خیال رہے ان کی قیمت 700 ریال سے کم نہیں ہوتی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حسب ضرورت عینک یا لینز کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر بلاضرورت ہو تو اس کا ترک کر دینا ہی افضل ہے، خاص طور پر جب یہ بہت ہی مہنگی ہو، تب یہ اسراف ہوگا جو حرام ہے۔ علاوہ ازیں اس میں دوسروں کو کچھ دھوکہ دینا بھی ہے کہ اس میں آنکھ بلاضرورت حقیقت کے خلاف نظر آتی ہے۔ ([1])

---

[1] ازمترجم: مثلاً اگر کوئی نابینا، کانا یا بھینگا آدمی/عورت اپنا یہ عیب چھپانے کے لیے پہنے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اور بطور زینت مناسب حد تک جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 707

### محدث فتویٰ